## سوال

کیا نمازی قراءت میں جنت اور جہنم کے ذکر پر دعا اور پناہ طلب کرسکتا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نمازی کےلیے یہ جائز ہے کہ وہ قراءت میں جنت کے ذکر کے موقع پر اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرے اور جہنم کے ذکر کے وقت اللہ تعالیٰ سے آتش دوزخ سے پناہ مانگے؟ کیا اس بارے میں مقتدی اور منفرد میں کوئی فرق ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ جائز ہے اور اس بارے میں امام، منفرد اور مقتدی میں کوئی فرق نہیں، البتہ مقتدی کےلیے یہ شرط ہے کہ وہ اس قدر مشغول نہ ہو کہ وہ اس خاموشی کو اختیار نہ کرسکے جس کے اختیار کرنے کا قراءت کے موقع پر حکم دیا گیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ارکان اسلام**

**عقائد کے مسائل: صفحہ292**